© rasailojaraid.com



اپنے مافی الضمیر کو خط وکتابت میں سیدھے، صاف، عام فہم اور مؤثر انداز میں پیش کرنا ایک لطیف فن ہے۔ تجارت میں کامیابی کے لیے اس کی بہت اہمیت ہے۔ مگر اُردو داں حلقہ تجار اس فن سے ابھی تک غیر مانوس ہے۔ محمد احمد صاحب نے ایسے ناواقف کاروباری اصحاب کے لیے یہ کتاب تالیف کی ہے، جس میں انھوں نے خاصی وضاحت سے تجارتی خطوط نویسی کے تقریباً تمام ضروری پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے اور خطوط کے نمونے بھی پیش کیے ہیں۔ اصحاب تجارت کے لیے یہ ایک سودمند کتاب ہے۔ (ف - ع)

# مرزا مظہر جانِ جاناں کے خطوط

## طبع جدید آفسٹ

مرزا مظہر جانِ جاناںؒ اٹھارہویں صدی عیسوی کے سلسلۂ نقشبندیہ کے بزرگوں میں ایک اعلیٰ مقام رکھتے تھے، ان کی خانقاہ ارشاد نے اخلاقی اور روحانی اقدار کو فروغ دینے میں ناقابلِ فراموش رول ادا کیا ہے۔ مرزا صاحب کی ادبی یا مذہبی شخصیت سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ان خطوط کا مطالعہ ناگزیر ہے۔ صرف یہی خطوط ہیں جو مرزا صاحب کے عقائد و نظریات ذہن اور شخصیت کو سمجھنے میں ممد و معاون ہو سکتے ہیں۔ انھیں خطوط سے ہمیں یہ علم ہوتا ہے کہ مرزا صاحبؒ مغل حکومت کی سیاست میں نمایاں حصہ لیتے تھے آخر کتاب میں اشاریہ اور جن کتابوں سے مدد لی گئی ہے ان کی فہرست بھی شامل ہے

صفحات ۲۷۲ قیمت مجلد -/15 روپے آفسٹ

ملنے کا پتہ:

**مکتبہ برہان، اردو بازار، جامع مسجد دہلی**



© rasailojaraid.com